سالانہ بنتی ہے۔جبکہ مسلمان ملکوں میں اضافہ آبادی کی شرح ہمیشہ۲فیصد رہی، اکثر ۵ء۲فیصد تک گئی اور بعض اوقات ۳ فیصد سے بھی زیادہ ہوگئی، پاکستان اور بنگلہ دیش کی آبادی میں اضافے کی شرح ۵ء۲فیصد سالانہ ہے.....۱۹۸۰ء میں مسلمان مجموعی طور پر دنیا کی آبادی کا ۱۸فیصد تھے، ۲۰۰۰ء میں ان کی تعداد تقریباً بیس فیصد ہوگئی اور ۲۰۲۵ء میں ۳۰فیصد تک پہنچ جانے کا تخمینہ ہے.....مغربی نو آبادیاتی نظام کا زوال اور مسلم دنیا کی آبادی میں غیر معمولی اضافہ مستقبل میں اسلامی تہذیب کی برتری کا ایک اہم عامل بن سکتا ہے، حالات کا یہ رخ بتلا رہا ہے کہ یہ صدی اسلام اور اسلامی انقلاب کی صدی ثابت ہوگی اور ان شاء اللہ۔

شب گریزاں ہوگی آخر جلوۂ خورشید سے
یہ چمن معمور ہوگا نغمہ توحید سے

ماہنامہ وفاق المدارس کے مدیر محترم کو صدمہ

ماہنامہ وفاق المدارس کے مدیر محترم حضرت مولانا ابن الحسن عباسی صاحب کے تایا شیخ الحدیث ''حضرت مولانا غلام محمد صاحب'' کا وصال ہوگیا۔﴿انا لله وانا اليه راجعون﴾

شیخ الحدیث حضرت مولانا غلام محمد صاحب علوم عقلیہ ونقلیہ کے عالم متبحر تھے۔۱۹۷۵ء سے جامعہ حمادیہ کراچی میں دوسرے علوم وفنون کی تدریس کے ساتھ شیخ الحدیث بھی رہے، طالبان علوم نبوت کی ایک کثیر تعداد آپ سے فیضیاب ہوئی۔

پیرانہ سالی اور نقاہت کے باوجود مسند حدیث سے کبھی کنارہ کش نہ ہوئے اور تادم حیات اس عظیم الشان خدمت سے وابستہ رہے۔

گذشتہ چند مہینوں سے زبیدہ ہسپتال کراچی میں زیر علاج تھے تاہم وہ بیماریوں سے جان بر نہ ہو سکے، چنانچہ اتوار ۲۸دسمبر ۲۰۰۸ کو ۹۴ سال کی عمر میں خالق حقیقی سے جا ملے۔

اللہ تعالیٰ حضرت شیخ الحدیث صاحب رحمہ اللہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، اور حضرت مدیر محترم اور دوسرے وابستگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ادارہ انکے غم اور دکھ درد میں برابر کا شریک ہے۔

(نائب مدیر ماہنامہ ''وفاق المدارس''